صرف اپنے استاد علامہ شبلی نعمانیؒ کی نامکمل "سیرت النبی" کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا بلکہ اس موضوع پر رحمتِ عالم اور زیرِ تبصرہ کتاب بھی ترتیب دی۔

مدراس یونیورسٹی میں یہ روایت چلی آرہی تھی کہ ہر سال طلبہ کے سامنے ایک ممتاز مسیحی فاضل حضرت عیسیٰ کی حیات اور مسیحی مذہب کے متعلق چند لیکچرز دیتا تھا۔ مدراس کے صاحب درد مسلمان سیٹھ ایم جمال محمد کے دل میں تڑپ پیدا ہوئی اور انہوں نے مسلمان علماء کو مدراس یونیورسٹی میں اسلام اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات پر لیکچرز دینے کے لئے آمادہ کیا۔ چنانچہ ۱۹۲۵ء میں علامہ ندوی نے سیرت کے موضوع پر آٹھ لیکچرز دیئے اور تین سال بعد علامہ اقبالؒ نے اسلام کے فلسفیانہ پہلوؤں پر خطبات دیئے۔ علامہ ندوی کے یہی لیکچرز "خطبات مدراس" کی شکل میں پیش نظر ہیں۔

زیرِ تبصرہ مجموعۂ خطبات، سیرت پر بہترین کتابوں میں سے ایک ہے۔ کئی بار شائع ہوچکا ہے۔ اظہار سنز نے اب خوبصورت سرورق کے ساتھ آفسٹ کی طباعت سے شائع کیا ہے۔

آئینۂ تربیت (جزو اول) | مؤلف : مولانا عبدالحی خلیفہ مجاز حکیم الامت، تھانویؒ۔

ملنے کا پتہ :- توحیدی کتب خانہ گل محمد لائن، چاکیواڑہ، کراچی - ۲ قیمت : ۵۰/۳ روپے۔

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی تصنیف "تربیت السالک" عرفان و سلوک کے موضوع پر ایک عمدہ اور لائق مطالعہ کتاب ہے۔ ان کے خلیفۂ مجاز مولانا عبدالحی کا زیرِ نظر کتابچہ "تربیت السالک" کا خلاصہ ہے۔ جو مولانا تھانویؒ کی نظر سے گذر چکا ہے۔ اور ان ہی نے اسے "آئینۂ تربیت" کا نام دیا تھا۔

اشرف اکیڈمی لاہور

بیادگار حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

حضرات اکابر دیوبند اور دیگر علماء و اکابرین امت کی قدیم و جدید تصانیف اور ہر قسم کی درسی اور غیر درسی کتب کیلئے یاد رکھیئے۔ آرڈر کے ساتھ نصف قیمت پیشگی ضروری ہے۔

محصولڈاک بذمہ خریدار

اشرف اکیڈمی جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور